DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس ملتان

مقامی کمپنیوں کا ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد کمی کا فیصلہ

عام آدمی تک ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے قیمتیں کم کرنیکا اعلان اسی ماہ کیا جائیگا' محمد اسد

نہ جانے ڈاکٹر ملٹی نیشنل کمپنیوں کو کیوں ترجیح دیتے ہیں' چیئرمین فارماسوٹیکل مینوفیکچررز نارتھ

پشاور (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے بعض مقامی ادویہ ساز کمپنیوں نے اپنی ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد تک کمی کا فیصلہ کیا ہے جس کا باقاعدہ اعلان رواں ماہ میں کیا جائیگا صارفین کے حقوق کے تحفظ کا ادارہ نیٹ ورک کی ایک رپورٹ میں پاکستان فارماسوٹیکل مینوفیکچرز ایسوی ایشن نارتھ کے چیئرمین محمد اسد کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پی پی ایم نارتھ نے یہ بات محسوس کی ہے کہ پاکستان میں ادویات کی قیمتیں آبادی کے ایک بڑے حصے کی پہنچ سے دور ہیں اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کچھ قومی کمپنیاں اپنی چند مصنوعات کی قیمتیں عوامی مفاد میں جلد ہی کم کردیں گی اگرچہ مقامی کمپنیوں کی قیمتیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مقابلے میں پہلے ہی کم ہیں لیکن اس کے باوجود منافع کی شرح میں اتنی گنجائش موجود ہے کہ قیمتوں کو 30 فیصد تک اپنے کاروبار کی صحت کو متاثر کئے بغیر نیچے لایا جاسکے جن ادویات کی قیمتوں میں کمی کی جارہی ہیں ان میں نارفلاکساسین' سیفٹرائی زون' سپروفلاکساسین' ڈکلوفینک سوڈیم اور میکوبالامین وغیرہ شامل ہیں جن کی قیمتوں میں اسی ماہ کمی کی جارہی ہیں جبکہ کراچی اور لاہور کی کمپنیاں بھی اپنی برانڈز قیمتوں میں کمی کرنے پر غور کررہی ہیں محمد اسد نے بتایا کہ اس وقت 76 ارب روپے کی فارما مارکیٹ میں ہمارے ان ادویات کا حصہ دو فیصد سے کم ہے تاہم غریب لوگوں کو اس سے فائدہ ملے گا انہوں نے کہا کہ مارکیٹ میں جس ملٹی نیشنل کمپنی کی تیار کردہ انجکشن کی قیمت 550 روپے ہے وہی انجکشن ہماری کمپنیوں کا مارکیٹ میں 99 روپے کا ملتا ہے لیکن معلوم نہیں ڈاکٹرز کیوں ملٹی نیشنل پر زیادہ توجہ دیتے ہیں اسی طرح روسی فن ٹیکہ مارکیٹ میں 550 روپے' 200 اور 300 روپے جبکہ 99 روپے میں تین مختلف برانڈز دستیاب ہیں اوران سب کا کام اوراثر ایک جیسا ہے انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ قیمتیں منظور کرتے وقت ایک دوائی کے لئے مقامی اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کی قیمتیں یکساں رکھے کیونکہ اگر حکومت جب دونوں طرف سے ایک سے کوالٹی معیارات کی پابندی چاہتی ہے تو قیمتیں بھی یکساں ہونی چاہئیں اگر مرک (ایک ادویہ ساز کمپنی) اپنے برانڈ کو 99 روپے میں لائے گی تو مقامی کمپنی مزید نیچے 80 تک چلی جائے گی۔